**Regional Urdu Text Bulletin, Aurangabad**

Date : 06 October 2023

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی اَورنگ آباد

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۶/ اکتوبر ۲۰۲۳ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

- ☆ **ریاست کے سبھی سرکاری ہسپتالوں میں موجودہ حالات کی رپورٹ جلد از جلد پیش کی جائے‘ وزیر اعلیٰ نے دی تمام ضلع کلکٹرس کو ہدایت**
- ☆ **صحت اور دیگر مسائل پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے مقننہ کا 2/روزہ خصوصی اجلاس طلب کیا جائے ‘ کانگریس پارٹی کا مطالبہ**
- ☆ **ممبئی کے گورے گاؤں میں عمارت میں لگی آگ 6/ جاں بحق 40/ سے زیادہ زخمی**

**اور**

- ☆ **ایک روزہ کرکٹ عالمی کپ مقابلوں کا آغاز**

**اب خبریں تفصیل سے...**

ریاست کے سبھی سرکاری ہسپتالوں میں موجودہ حالات کی رپورٹ جلد از جلد پیش کی جائے۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے تمام ضلع کلکٹرس کو یہ ہدایت دی ہے۔ انھوں نے کل تمام ضلع کلکٹرس سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے رابطہ کرکے ریاست میں دستیاب طبی سہولیات کی تفصیلات حاصل کی۔ اِس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ ناندیڑ اور چھترپتی سمبھا جی نگر کے سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی اموات سانحے کی تحقیقات کرنے کے لیے کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ادویات خریدنے کے اختیارات ضلع کلکٹرس کو دیے گئے ہیں لہذا ادویات خریدنے میں تاخیر نہ ہو اِس بات کا خاص خیال رکھیں۔

***** ***** *****

سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی اموات معاملے کا از خود نوٹس لیتے ہوئے انسانی حقوق کے قومی کمیشن نے مہاراشٹر حکومت کے پرنسپل سیکریٹری کو نوٹس اِرسال کی ہے۔ اِس میں 4 رہفتوں کے اندر معاملے کی تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کو کہا گیا ہے۔

***** ***** *****

اِسی دوران ڈویژنل کمشنر مدھوکر راجے آرڈ نے کل ناندیڑ سرکاری ہسپتال کا دورہ کر کے حالات کا معائنہ کیا اور مریضوں سے بات چیت کی۔ راشٹروادی کانگریس پارٹی کی رکن پارلیمنٹ سپریہ سُرڑے نے بھی کل ہسپتال کا دورہ کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے شندے حکومت پر بے حس ہونے کی تنقید کی۔

***** ***** *****

ناندیڑ کے ڈاکٹر شنکر راؤ چوہان سرکاری میڈیکل کالج نیز ہسپتال کے ڈین ڈاکٹر ایس آر واکوڈے اور شعبہ اطفال کے ڈاکٹرس کے خلاف قتل کا مقدمہ داخل کیا گیا ہے۔ شکایت میں کہا گیا ہے کہ ڈین اور شعبہ اطفال کے ڈاکٹروں نے جان بوجھ کر علاج میں توجہ نہ دینے کی وجہ سے مذکورہ ہسپتال میں ماں اور نومولود بچے کی موت واقع ہوئی ہے۔

***** ***** *****

صحت اور دیگر ریاستی مسائل حل کرنے میں شندے حکومت پوری طرح ناکام ثابت ہوئی ہے۔ کانگریس پارٹی نے یہ تنقید کی ہے۔ کانگریس نے صحت اور دیگر ریاستی مسائل پر غور و خوص کرنے کے لیے مقننہ کا 2 روزہ خصوصی اجلاس طلب کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ قانون ساز کونسل میں حزب مخالف کے رہنما وجے وڈیٹی وار کی قیادت میں کانگریس پارٹی کے وفد نے کل گورنر رمیش بئیس سے ملاقات کر کے اِس خصوص میں ایک مکتوب اُن کے سپرد کیا۔

سرکاری ہسپتالوں میں ہوئی اموات معاملے میں طبّی تعلیم کے وزیر اور وزیرِ صحت پر کارروائی کرنے ' وفات پانے والوں کے ورثا کو فی کس 10 ر لاکھ روپئے امداد دینے' سرکاری نوکریوں میں کانٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کرنے کا فیصلہ منسوخ کرنے وغیرہ مطالبات اِس مکتوب میں کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

راشٹر وادی کانگریس پارٹی میں پھوٹ معاملے میں مرکزی انتخابی کمیشن کے سامنے آج دوپہر میں سماعت کی جائے گی۔ خیال رہے کہ اجیت پوار گروہ نے پارٹی کی انتخابی نشانی حاصل کرنے اور آفیشیلی راشٹر وادی کانگریس پارٹی کے طور پر تسلیم کرنے کے لیے چناؤ کمیشن سے درخواست کی ہے۔ دوسری جانب راشٹر وادی کانگریس پارٹی کے شرد پوار گروہ کے ریاستی صدر جینت پاٹل نے مذکورہ دعوں کی مخالفت کی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ زراعت دھننجئے منڈے نے کہا ہے کہ وزیرِ اعظم فصل بیمہ یوجنا کے تحت کووڈ کے دوران واجب الادا نقصان بھرپائی 8 ر دنوں میں کسانوں کو ادا نہ کرنے کی صورت میں فصل بیمہ کمپنیوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ وہ کل اِس خصوص میں منعقدہ جائزہ اجلاس میں اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ اِس یوجنا میں شامل 6 ر کمپنیوں میں سے 4 ر کمپنیوں کی جانب سے 224 ر کروڑ روپئے ملنا باقی ہے۔ اِس موقعے پر جناب دھننجئے منڈے نے فصل بیمہ کمپنیوں سے تعاون کرنے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

ممبئی کے گورے گاؤں میں کل ایک عمارت میں آگ لگنے سے 6 ر افراد جاں بحق ہو گئے۔ اور 40 ر سے زیادہ افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ سبھی زخمیوں کو علاج کی غرض سے کُوپر ہسپتال میں شریک کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی اورنگ آباد سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

چین میں کھیلے جا رہے ایشین گیمز میں بھارتی کھلاڑیوں نے کل 3/سونے کے تمغے ایک چاندی کا اور ایک کانسے کا تمغہ اِس طرح 5/تمغے حاصل کیے۔ اِس مقابلے میں بھارت اب تک 21/سونے کے 32/چاندی کے اور 33/کانسے کے تمغے اِس طرح کُل 86/تمغے جیت چکا ہے۔میڈیل ٹیلی میں بھارت 4/مقام پر ہے۔

***** ***** *****

ایک روزہ کرکٹ عالمی کپ مقابلوں کا آغاز ہو چکا ہے۔اس مقابلے میں کل کھیلے گئے پہلے میچ میں نیوزی لینڈ نے انگلینڈ کو 9/وکٹ سے شکست دی۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے انگلینڈ نے 50/اوورس میں 9/وکٹ کے نقصان پر 282/رن بنائے تھے۔جوابی بلّے بازی میں نیوزی لینڈ کی ٹیم نے 37/ ویں اوور میں ہی صرف ایک وکٹ کے نقصان پر ہدف عبور کر لیا۔

اِس ٹورنامنٹ میں بھارت کا پہلا مقابلہ اگلے اتوار کو آسٹریلیا سے ہوگا۔ یہ میچ چنئی میں کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے امبا جوگائی تعلقے میں امبا ساکھر سے لوکھنڈی ساور گاؤں راستے پر واقع تالاب میں ڈوبنے کی وجہ سے ایک بہن۔بھائی کی موت واقع ہوگئی۔آشیونی جادھو اور روہت چوہان مہلوکین کے نام ہیں۔ وہ دونوں کپڑے دھونے کے لیے تالاب پر گئے تھے کہ توازن بگڑے جانے سے آشیونی تالاب میں جا گری اُسے بچانے کے لیے روہت نے بھی تالاب میں چھلانگ لگادی لیکن دونوں ہی ڈوب کر جاںبحق ہوگئے۔

اُدھر احمد نگر ضلعے کے کھرڈا میں بھی کپڑے دھونے کے لیے تالاب پر گئے 3/بچے ڈوب کر جاںبحق ہوگئے۔

***** ***** *****

معذور برادران کے لیے حکومت کی جانب سے دی جانے والی متعدد سہولیات مہیا کر کے انھیں عام دھارے میں لانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ معذوروں کے فلاحی شعبے کے صدر رکن اسمبلی بچوکڑو نے یہ بات کہی ہے۔ معذوروں کا فلاحی شعبہ معذوروں کے در پر نامی پروگرام کے تحت وہ کل ہنگولی میں اظہار خیال کر رہے تھے۔

***** ***** *****

ضلع سرکاری ہسپتال میں ادویات نیز ڈاکٹروں اور ملازمین کی کمی کی وجہ سے مریضوں کو مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ یہ کہتے ہوئے کانگریس پارٹی کے کارکنان نے کل دھاراشیو میں سرکاری میڈیکل کالج اور ہسپتال کے سامنے مظاہرہ کیا۔ اِس موقعے ڈین کے وسیلے سے وزیر اعلیٰ کو ایک مکتوب بھی ارسال کیا گیا۔

اِس کے علاوہ مظاہرین نے ناندیڑ ہسپتال میں ڈین کو بیت الخلاء کی صفائی کرنے پر مجبور کرنے والے رکن پارلیمنٹ ہیمنت پاٹل کو معطل کرنے اور اُن کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔

اِسی طرح دھولیہ میں بھی راشٹروادی کانگریس پارٹی کی جانب سے مذکورہ مطالبات کے لیے مظاہرہ کیا گیا۔

***** ***** *****

ماحولیات سے متعلق صحافت کی ترغیب دینے کے لیے ارتھ جرنلزم نیٹ ورک نامی تنظیم کی جانب سے قابل تجدید توانائی کے موضوع پر چھترپتی سمبھاجی نگر میں ورکشاپ کا اہتمام گیا ہے۔ کل اِس ورکشاپ کا آغاز کیا گیا۔ آئی آئی ٹی پوئی میں شعبہ ماحولیات کے پروفیسر ڈاکٹر شیام اسولیکر نے اِس پروگرام کا آغاز کیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ پاک صاف ماحولیات کے لیے ہمیں دانشمندی سے کوششیں کرنے کی ضرورت ہے۔ اِس کانفرنس میں ملک بھر کے ماہرین اور محققین شرکت کر رہے ہیں۔

***** ***** *****

شیوسینا ٹھاکرے گروپ کی جانب سے عوام سے مراسم بڑھانے کے مقصد سے چھتر پتی سمبھا جی نگر میں ہوؤ دے چرچا یعنی آؤ بات چیت کریں نامی پروگرام کے دوران کل سابق رکن پارلیمنٹ چندرکانت کھیرے نے بھی حصہ لیا تھا۔ اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ آنے والے چناؤ میں شکست کے خوف سے برسر اقتدار جماعتیں چناؤ نہیں کروا رہی ہے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

☆ **ریاست کے سبھی سرکاری ہسپتالوں میں موجودہ حالات کی رپورٹ جلد از جلد پیش کی جائے' وزیراعلیٰ نے دی تمام ضلع کلکٹرس کو ہدایت**

☆ **صحت اور دیگر مسائل پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے مقننہ کا 2 روزہ خصوصی اجلاس طلب کیا جائے ' کانگریس پارٹی کا مطالبہ**

☆ **ممبئی کے گورے گاؤں میں عمارت میں لگی آگ 6 رجا بحق 40 رسے زیادہ زخمی**

**اور**

☆ **ایک روزہ کرکٹ عالمی کپ مقابلوں کا آغاز**

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل آکاشوانی سماچار اورنگ آباد

Aurangabad AIR News پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆